Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ ، عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۱۹

الفضل

روزنامہ ربوہ ایڈیشن

The Daily ALFAZL RABWAH

نمبر جمعرات

قیمت فی پرچہ ۴۰ پیسے

جلد ۶۸/۳۳ | ۸ محرم الحرام ۱۴۰۰ھ ۲۹ نبوت ۱۳۵۸ ہش ۲۹ نومبر ۱۹۷۹ء | نمبر ۲۷۱

اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۲۸ نبوت / نومبر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ اطلاع مظہر ہے کہ :-

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

احباب جماعت بالالتزام دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضور کو اپنی حفظ و امان میں بخیر و عافیت رکھے اور ہر آن اپنی تائید و نصرت سے نوازتا رہے۔ آمین

محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب تحریر فرماتے ہیں :-

"حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ مدظلہا حرم محترم سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو اسہال سے تو آرام ہے مگر پیٹ میں درد ہے اور ضعف بہت ہو گیا ہے۔"

احباب جماعت خاص توجہ اور الحاح سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آپ کو صحتِ کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے آمین

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت بلڈ پریشر کی زیادتی کی وجہ سے ناساز ہے۔ احباب جماعت بالالتزام دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ مدظلہا کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور آپ کا بابرکت سایہ تا دیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین

خاکسار گزشتہ پانچ دنوں سے بعارضہ بخار بیمار ہے۔ کمزوری اور ضعف زیادہ محسوس ہو رہا ہے۔ احباب کرام سے درخواست ہے کہ خاکسار کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دردِ دل سے دعا فرمائیں۔

(محمد شفیع اشرف مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ اسلام آباد)

میری اہلیہ محترمہ اور میری بچی دونوں بعارضہ نمونیا بیمار ہیں۔ گو اب کچھ افاقہ ہے لیکن کمزوری بہت زیادہ ہے۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ دونوں کو کامل و عاجل شفا عطا فرمائے اور ہمیں پریشانیوں سے نجات بخشے۔ آمین

خان محمد
کارکن وکالت تبشیر تحریک جدید ربوہ

اعلان تعطیل

یکم دسمبر بروز ہفتہ ملک میں یوم عاشورہ کی وجہ سے تعطیل عام ہے لہذا اس روز الفضل شائع نہیں ہوگا۔ قارئین کرام اور ایجنٹ حضرات نوٹ فرما لیں۔

(مینیجر الفضل)

ارشاداتِ عالیہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

خدا نے مجھے بتایا ہے کہ تیرے پاس دُور دراز جگہوں سے لوگ آئیں گے

یہ کتنا بڑا نشان ہے؟ اس سے خدا کا عالم الغیب ہونا ثابت ہوتا ہے

"اللہ تعالیٰ نے ارادہ کیا ہے کہ وہ اس سلسلہ کو بڑھائے ..... کیا تم نہیں جانتے کہ بادشاہ سب کچھ کر سکتے ہیں پھر وہ جو زمین و آسمان کا بادشاہ ہے کب تھک سکتا ہے۔ آج سے ..... بہت پہلے خدا تعالیٰ نے مجھے خبر دی ایسے وقت میں کہ ایک شخص بھی میرے پاس نہ تھا اور کبھی سال بھر میں بھی کوئی خط نہ آتا تھا۔ اس گمنامی کی حالت میں میں نے جو دعوے کئے ہیں وہ براہین احمدیہ میں چھپے ہوئے موجود ہیں۔ ..... اسے کھول کر دیکھو کہ اس وقت خدا تعالیٰ نے فرمایا :-

يَأْتُونَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ وَيَأْتِيكَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ

یعنی تیرے پاس دُور دراز جگہوں سے لوگ آئیں گے اور جن راستوں سے آئیں گے وہ راہ عمیق ہو جائیں گے۔ پھر فرمایا یہ لوگ جو کثرت سے آئیں گے تو ان سے تھکنا نہیں اور ان سے کسی قسم کی بداخلاقی نہ کرنا۔ یہ قاعدہ کی بات ہے کہ جب لوگوں کی کثرت ہوتی ہے تو انسان ان کی ملاقات سے گھبرا جاتا ہے اور کبھی بے توجہی کرتا ہے جو ایک قسم کی بداخلاقی ہے۔ پس اس سے منع کیا اور کہا کہ ان سے تھکنا نہیں اور مہمان نوازی کے لوازم بجا لانا۔ ایسی حالت میں خبر دی گئی تھی کہ کوئی بھی نہ آتا تھا۔ اور اب تم سب دیکھ لو کہ کس قدر موجود ہو۔ یہ کتنا بڑا نشان ہے؟ اس سے اللہ تعالیٰ کا عالم الغیب ہونا ثابت ہوتا ہے۔ ایسی خبر عالم الغیب خدا کے سوا کون دے سکتا ہے۔ نہ کوئی منجم نہ کوئی فراست والا کہہ سکتا ہے۔"

(ملفوظات جلد ہشتم صفحہ ۳۶۹-۳۷۰)

پبلشر: مسعود احمد ؛ پرنٹر: سید عبدالحی ؛ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ؛ مقام اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

انصار اللہ کا فرض ہے کہ اپنی زندگیوں کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کے مطابق ڈھالیں

اپنے گھروں میں بچوں کو اسلام سکھائیں قرآن کریم پڑھائیں اور اس کے مطابق اپنی آئندہ نسلوں کی صحیح طور پر تربیت کریں

محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے سب سے بڑے عاشق حضرت مہدی علیہ السلام کی کتب کا خود بھی مطالعہ کریں

اور

اپنی نسلوں کو بھی کروائیں

مجلس انصار اللہ مرکزیہ کے بائیسویں ۲۲ سالانہ اجتماع کے موقعہ پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ کا افتتاحی خطاب

سیدنا و امامنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے مجلس انصار اللہ مرکزیہ کے ۲۲ ویں سالانہ اجتماع کا افتتاح کرتے ہوئے مورخہ ۲۶ اکتوبر ۱۹۷۹ء کو جو خطاب فرمایا تھا اس کا متن ذیل میں افادۂ احباب کے لئے درج کیا جاتا ہے۔ لاؤڈ سپیکر کی اجازت نہ ہونے کی وجہ سے حضور کا یہ خطاب Relay کیا گیا

(یوسف سلیم ملک شاہد ایم۔ اے انچارج شعبہ نشر و نویسی ربوہ)

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا:۔

انسانوں کو عادتیں بھی پڑ جاتی ہیں۔ میں نے ساری عمر اس بات کا خیال رکھا کہ عادت نہ پڑے لیکن اب معلوم ہوا کہ لاؤڈ سپیکر پر بات کرنے کی عادت پڑ چکی ہے۔ اس سے قبل اس مجمع سے بھی بڑے مجمعوں میں بغیر لاؤڈ سپیکر کے میں تقریر کرتا رہا ہوں مگر اب بری عادت پڑ چکی ہے اور وینس صاحب کی آواز کا سہارا لینا پڑ رہا ہے۔

نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْن کی حیثیت سے مبعوث ہوئے اور جہاں تک انسانوں کا تعلق ہے۔ آپ تمام بنی نوع انسان کی طرف نہ ختم ہونے والی رحمتوں کے ساتھ بطور نبی کے مبعوث ہوئے۔ اس لئے جہاں تک انسانوں کا تعلق ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی رحمت نے انسان انسان میں کوئی امتیاز اور فرق نہیں کیا۔ آپ سب کے لئے ہی رحمت۔ مومن و کافر کا یہاں سوال پیدا نہیں ہوتا۔ جو تعلیم آپ لے کر آئے اس کا ہر حکم امر ہو یا نہی مومن کے لئے بھی رحمت ہے اور کافر کے لئے بھی رحمت ہے۔

جو احکام آپ لے کر آئے ان میں سے

بعض اصولی باتوں کے متعلق

اس وقت میں کچھ کہوں گا۔

انسانوں کو عمل صالح کا حکم ہے۔ یعنی جو کچھ بھی وہ کرے خدا تعالےٰ کی ہدایت اور تعلیم کی روشنی میں کرے اور اس تعلیم کی وسعت بہت بڑی ہے۔

ہمارے اعمال ہماری زبان سے بھی تعلق رکھتے ہیں اور زبان سے تعلق رکھنے والے اعمال صالحہ بہت سے ہیں۔ ان میں سے میں ایک کو اس وقت لوں گا جس کی بنیادی حیثیت ہے اور وہ ہے "بولنا"۔ تعلیم یہ دی کہ جھوٹ مت بولو۔ دوسرے یہ کہ سچ بولو۔ تیسرے یہ کہ صرف سچ نہیں بلکہ قول سدید ہو۔ سچ بھی ہو اور ہر ایک قسم کی کجی سے پاک بھی ہو اور اس پر زائد یہ کہ قول طیب بھی ہو۔ یعنی جھوٹ نہ ہو سچ ہو سدید ہو اور طیب بھی ہو۔

طیّب کے معنی

ہیں جو موافق ہو۔ یہ موافق ہونا انسان کے مخاطب کو مدنظر رکھ کر بھی ہے۔ یعنی جس ماحول میں باتیں کر رہے ہو اس ماحول میں سننے والوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے والی باتیں کرو۔ فرمایا۔

جَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ

نیز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر شخص سے اس کی عقل کے مطابق بات کرو۔ یہ طیب ہی کی تفسیر ہے۔

پھر جہاں تک حقوق کا سوال ہے اسلام نے حقوق کی تعیین اور ان کی حفاظت کے سلسلہ میں انسان انسان میں کوئی تمیز نہیں کی۔ مثلاً لیاقت کے لحاظ سے انسان میں پیدائشی فرق تو ہے لیکن حکم یہ ہے کہ ہر ایک شخص کو

معاشرہ میں اس کی لیاقت کے مطابق مقام دیا جائے اور اس میں مسلم و کافر کی کوئی تمیز نہیں فرمایا۔

اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓی اَھْلِھَا

اسلامی تعلیم اہلیت کے مطابق تقرریاں بھی کرتی ہے اور ترقیات بھی دیتی ہے اس کی

بیسیوں مثالیں

ہمیں نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ملتی ہیں۔ خلفائے راشدین نے اپنے اپنے فن کے ماہرین کو مدینہ بلا کر بہت سے شعبوں کا افسر اعلیٰ مقرر کر دیا۔ حالانکہ ان لوگوں کا تعلق نہ صرف یہ کہ غیر مسلم عقائد کے ساتھ تھا بلکہ جنگجو، اسلام سے لڑنے والی اقوام کے ساتھ بھی تھا۔

اسلام ایک حسین مذہب ہے۔ قولاً نہ فعلاً کسی جگہ بھی دکھ کے سامان نہیں پیدا کئے اس نے بلکہ ہر ایک کے لئے

مسرت اور اطمینان کے حالات

پیدا کئے یہی وجہ ہے کہ جب مسلمان کے ہاتھ میں کند تلواریں تھیں، اسلام کے حسن نے لاکھوں لاکھوں انسانوں کے دل جیتے اور اس پیاری تعلیم نے ربِ کریم کے محبوب رسولؐ کے قدموں میں انہیں لا بٹھایا۔

پس انصار اللہ کا یہ فرض ہے کہ اپنی زندگیاں اس نمونہ کے مطابق ڈھالیں اور انصار اللہ کا یہ فرض ہے کہ اپنی نسلوں کی صحیح طور پر تربیت کریں۔ اپنے گھروں میں بچوں کو اسلام سکھائیں۔ قرآن پڑھائیں

پیارے رسولؐ کی پیاری باتیں

ان کے کانوں میں ڈالیں۔ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے سب سے بڑے عاشق حضرت مہدیؑ کی باتیں ان تک پہنچائیں اور مہدی علیہ السلام کی کتب کا خود بھی مطالعہ کریں۔ اور اپنی نسلوں کو بھی کروائیں تاکہ جو ہماری ذمہ داری ہے کہ ساری دنیا میں اسلام غالب ہو اس ذمہ داری کو ہم کما حقہ ادا کر سکیں۔ اور اپنے خدا کے حضور سرخرو ہو جائیں خدا کرے کہ ایسا ہی ہو۔

اور خدا تعالےٰ نے جو کام ہمارے سپرد کیا ہے وہ ہمیں کامیاب طریقے پر کرنے کی وہ خود توفیق عطا کرے آمین

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ولادت

خاکسار کے فرزند عبدالکریم شاد کو بتاریخ ۲۳ نومبر بروز جمعۃ المبارک اللہ تعالےٰ نے دوسرا لڑکا بشیر احمد سلمان عطا فرمایا ہے۔ احباب دعا فرمائیں اللہ تعالےٰ اس بچے کو سچا مسلمان مخلص احمدی اور حضرت خاتم الانبیاء صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمانبردار غلام بنائے۔ اور دینِ اسلام کی بہترین خدمت کرنے کی توفیق دے۔ آمین

خاکسار عبدالحمید آصف فیصل آباد گرلز سکول کوہ نور نگر فیصل آباد

نعت مرکبؔ کے دو شعر

اُسی کے حُسن کی تازہ تجلّی
مسیحِ وقت احمد میرزا ہے
وہ احمدؐ جو غلامِ مجتبےٰ ہے
وہ احمدؐ جو کہ رشکِ اولیا ہے

نعت گو شاعر ہومیو پیتھک ڈاکٹر راجہ ظفر کے قلم سے۔

فی کاپی ۲ روپے سینکڑہ ۱۲۵ روپے

منیجر کیوریٹو میڈیسن ربوہ

کراچی میں جائداد

کی خرید و فروخت مثلاً پلاٹ، مکان، کوٹھی وغیرہ کے لئے درج ذیل پتہ پر اپنے قابلِ اعتماد ادارہ سے رابطہ قائم کیجئے۔

لینڈ مارکس

۱۰۳ سی، ڈیفنس سوسائٹی کمرشل ایریا بی

کراچی ۴

فون ۔ ۵۴۰۸۶۶ ، ۵۴۰۸۳۴

تقریب نکاح و رخصتانہ

مکرم چوہدری مقصود احمد صاحب ورک نمبردار قیام پور ضلع گوجرانوالہ کے صاحبزادے مکرم ایاز احمد صاحب ورک کا نکاح ہمراہ نصرت بی بی صاحبہ بنت مکرم منشی بشیر احمد صاحب ساکن چک ۹۶ گ ب مریکے مورخہ ۱۶/۱۱ کو مبلغ ۷۰۰۰ ہزار روپے حق مہر پر مکرم مولوی عبدالعزیز صاحب بھامڑی نے پڑھایا۔ اسی روز تقریب رخصتانہ عمل میں آئی قارئین کرام سے دعا کی درخواست ہے۔ اللہ تعالےٰ اس رشتہ کو ہر دو فریقین کے لئے ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب بنائے آمین

وکیل المال اوّل تحریک جدید ربوہ

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے کہ

اخبار "الفضل"

خود خرید کر پڑھے

(منیجر الفضل ربوہ)

جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے

با اعتماد ادارہ

ندیم کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز

فون ۵۲۱

فون گھر ۴۳۱

ریلوے روڈ بالمقابل ریلوے اسٹیشن

رحمت بازار ربوہ

کو یاد رکھیں

ربوہ اور بیرونِ ربوہ میں سکنی اور زرعی جائیداد کی خرید و فروخت کا سب سے پہلا اور قابلِ اعتماد ادارہ

احمد اسٹیٹس انس مارکیٹ ربوہ

فون ۵۳۵

احمدی بھائیوں کے مشہور جیولرز

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نیو پاک جیولرز

۱۱ فیروزپور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ لاہور۔ فون ۴۱۰۹۷۴

(ایئر کنڈیشنڈ)

اور

۲ ذیلدار روڈ اچھرہ لاہور (ایئر کنڈیشنڈ)

پروپرائٹر

میاں عظیم قادر اینڈ سنز